عزیزی اہلِ خانہ،

اگر آپ کا بچہ 2019 میں پیدا ہوا تھا، وہ خزاں 2023 میں پری کنڈرگارٹن شروع کرسکتا ہے۔ اس سے پہلے کہ درخواست کا دورانیہ آخر جنوری میں شروع ہو، ہم آپکی چار مختلف پروگرام ترتیبوں کے بارے میں جانے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں جو پری کنڈرگارٹن پیش کرتے ہیں، آج ہم ضلع اسکولوں کو مرکزِ توجہ بنائیں گے۔

ضلع اسکولز نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم پبلک الیمنٹری اسکولز ہیں۔ نیویارک شہر میں 32 اسکول اضلاع ہیں، اور ان اضلاع میں زونز ہیں۔ کچھ ضلع اسکول پری کنڈرگارٹن کی پیشکش کرتے ہیں۔ ضلع اسکولوں کی دو اقسام ہیں: **زون شدہ اور غیر زون شدہ۔** زیادہ تر ضلع اسکول زون شدہ ہیں، مطلب یہ کہ وہ درخواست دہندگان جو ایک انفرادی اسکول کے زون علاقے میں رہتے ہیں انہیں شرکت کرنے میں ترجیح حاصل ہے۔ غیر زون شدہ اسکول ان درخواست دہندگان کو ترجیح دیتے ہیں جو اسی ضلع میں رہتے ہیں جس میں اسکول ہے۔ آپ یہ معلوم کرسکتے ہیں کہ آپ کس ضلع میں رہتے ہیں اور اپنے زون اسکول کو تلاش کرسکتے ہیں (اگر قابل اطلاق ہو) اپنا پتہ یہاں داخل کرکے۔ **خاندان کسی بھی اسکول میں درخواست دے سکتے ہیں جس میں وہ دلچسپی رکھتے ہیں، اگرچہ یہ انکے زون یا ضلع کے باہر ہو۔** یاد رکھیں ہر ضع اسکول میں پری کنڈر گارٹن پروگرام نہیں ہوتا ہے۔

نیو یارک شہر میں تین اضلاع ہیں جہاں تمام اسکول بغیر زون کے ہیں۔ وہ بچے جو ضلع 1 (لوئر ایسٹ سائڈ)، ضلع 7 (ساوتھ برونکس)، اور ضلع 23 (براونزول) میں رہتے ہیں انہیں اس ضلع کے تمام اسکولوں میں شرکت کی ترجیح حاصل ہے۔

نیو یارک شہر کے 2019 میں پیدا ہونے والے تمام بچے ضلع اسکولوں میں درخواست دے سکتے ہیں۔ زون درخواست دہندگان (اگر قابل اطلاق ہو)، بھائی بہن، اور درخواست دہندگان جو ضلع میں رہتے ہیں انہیں ہر ضلع اسکول میں پری کنڈرگارٹن کے لیے ترجیح حاصل ہے۔

آپ اس ترتیب کو زیر غور لا سکتے ہیں اگر:

- آپکے بچے کے بڑے بھائی بہن اگلی خزاں میں اس اسکول میں شرکت کریں گے
- آپکا بچہ اسکول زون یا ضلع میں رہتا ہے
- آپ چاہتے ہیں کہ آپکا بچہ اسی اسکول میں پری کنڈرگارٹن سے گریڈ 5 تک رہے (تمام طلبا کو کنڈرگارٹن کے لیے دوبارہ درخواست دینی ہوگی بشمول موجودہ طلبا کے)

مزید جاننا چاہتے ہیں؟ پری کنڈرگارٹن داخلوں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہماری ویب سائٹ nyc.gov/preK پر جائیں۔ ہم تجویز کریں گے کہ پروگرام انتخابات کی تحقیق کرنے کے لیے مائی اسکولز پر پری کنڈرگارٹن ڈائریکٹری پر جائیں۔ آنے والے ہفتوں میں ہم آپکی پری کنڈرگارٹن داخلوں کی تیاری میں مدد کے لیے مزید معلومات کا اشتراک کریں گے۔

ابھی بھی سوالات ہیں؟ ہمیں 718-935-2009 پر کال کریں یا اپنے مقامی خاندانی استقبالیہ مرکز پر جائیں۔

نیک تمنائیں،

K-3 اور پری کنڈرگارٹن داخلے ٹیم

کیا یہ ای میل آپ کو کسی دوست نے بھیجی تھی؟ ہماری پری کنڈرگارٹن داخلوں کی میل فہرست (فہرستوں) کے لیے یہاں سائن اپ کرنا یقینی بنائیں schools.nyc.gov/SignUp اگر آپ ہماری کسی بھی یا تمام ای میل فہرستوں سے مزید ای میلز موصول نہیں کرنا چاہتے ہیں، براہِ کرم اس سے خارج ہونے (اَن سبسکرائب کرنے) کے لیے یہاں کلک کریں۔